احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 23 نومبر 2012ء

روزنامہ FR-10 1913ء سے جاری شدہ

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 23 نومبر 2012ء 8 محرم 1434 ہجری 23 نبوت 1391 ہش جلد 62-97 نمبر 271

## میں ان سے محبت کرتا ہوں

حضرت اسامہ بن زیدؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسنؓ اور حسینؓ کے متعلق فرماتے تھے۔

یہ میرے بیٹے ہیں اور میرے نواسے ہیں۔ اے اللہ میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ تو بھی ان سے محبت کر۔ اور ان سے بھی محبت کر جو ان دونوں سے محبت کرتے ہیں۔

(جامع ترمذی کتاب المناقب باب مناقب الحسن حدیث نمبر 3702)

# محرم کے ایام میں بکثرت درود بھیجنے کی نصیحت

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

''آج کل محرم کے دن ہیں۔ اس سلسلے میں ایک بڑی ضروری بات میں جماعت کو یاد کرانا چاہتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے اہل بیت کے ساتھ ہر عاشق کو ایک روحانی تعلق ہونا چاہئے۔ یہ جو اختلافی مسائل ہیں یہ بالکل اور بات ہے۔ لیکن حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم اور آپؐ کے اہل بیت سے عشق، یہ بالکل اور معاملہ ہے۔ یہ ایک لافانی مسئلہ ہے جس میں کبھی کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اس لئے جماعت احمدیہ اس طرف خاص توجہ کرے اور ان ایام میں خصوصیت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم اور آپ کے اہل بیت پر بکثرت درود بھیجے۔ کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کی جسمانی اولاد آپؐ کی روحانی اولاد بھی تھی، صرف جسمانی اولاد نہیں تھی۔ اس لئے نُورٌ علیٰ نور کا منظر نظر آتا ہے۔ حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ اور باقی بہت سے ائمہ جو آپؐ کی نسل سے بعد میں پیدا ہوئے بہت بڑے بزرگ تھے اور عظیم الشان روحانی مصالح کو سمجھنے والے، صاحب کشف والہام تھے......

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے عشق اور آپؐ کے اہل بیت کے عشق میں ہم آگے ہیں، پیچھے نہیں ہیں۔ یہ بات جماعت کو نہیں بھلانی چاہئے۔ یہی بات حضرت مسیح موعود نے ہر جگہ لکھی، فرماتے ہیں:

جان و دلم فدائے جمال محمدؐ است　　　خاکم نثار کوچۂ آل محمدؐ است

کتنا عظیم الشان محبت کا اظہار ہے۔

جو صحیح معنوں میں آل محمدؐ ہیں، ان میں اہل بیت بھی ہیں اور غیر اہل بیت بھی ہیں۔ اس بات کو بھی نہیں بھلانا چاہئے ایسے اہلِ بیت بھی ہیں جن کا خاندانی لحاظ سے کوئی تعلق ہی نہیں تھا، کوئی رشتہ نہیں تھا لیکن روحانی اہلِ بیت تھے۔ ان کو چھوڑ کر اہل بیت سے محبت نہیں کرنی بلکہ ان کو شامل کر کے اہل بیت سے محبت کرنی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور خود حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، آپؐ کی صلبی اولاد میں سے تو نہیں ہیں۔ ان میں سے ایک بھی نہیں۔ لیکن روحانی طور پر اہلِ بیت اور بہت اعلیٰ مقام کے اہل بیت۔ اسی طرح حضرت سلمان فارسیؓ ہیں ان کو حضور اکرمؐ نے مخاطب کر کے فرمایا۔ سلمان منا اهل البيت

(کنز العمال جلد 6 صفحہ 176)

کہ سلمان ہمارا ہے، اہل بیت میں سے ہے۔ حالانکہ ان کی نسل ہی مختلف تھی۔ وہ عجمی تھے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم عربی تھے اور عمر کے لحاظ سے بھی غالباً وہ حضورؐ کی اولاد نہیں ہوسکتے۔ جب یہ حدیث بیان ہوئی ہے یا حضورؐ کا یہ ارشاد ہوا ہے اس وقت ان کی کافی بڑی عمر تھی۔ بہر حال ظاہری طور پر یا جسمانی طور پر یا قومی طور پر کوئی سوال نہیں ہے آپؐ کے حضورؐ کی جسمانی اولاد ہونے کا۔ لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم نے انہیں یہ خطاب خود عطا فرمایا ہے اور اگر آپؐ کسی کو ایک خطاب دے دیں تو دنیا میں کوئی اسے چھین ہی نہیں سکتا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ غیر قوموں میں بھی جو مجھ سے محبت رکھیں گے، مجھ سے عشق کریں گے وہ میرے اہل بیت ہو جائیں گے۔ ان معنوں میں آل کا لفظ اور اہل بیت کا لفظ بہت وسیع ہو جاتا ہے۔

اس نسبت کو بھی ملحوظ رکھ کر کثرت سے درود پڑھنے چاہئیں اور حضرت اقدس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے دیگر صحابہؓ بھی اس درود میں شامل کرنا چاہئے بطور روحانی اہل بیت کے۔''

(الفضل 25 مئی 1983ء)

## خلافت سے فیض پانے کے لئے پہلی شرط نماز ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''تمکنت حاصل کرنے اور نظام خلافت سے فیض پانے کے لئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ نماز قائم کرو۔ کیونکہ عبادت اور نماز ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے والی ہوگی ورنہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے اس انعام کے بعد اگر تم میرے شکرگزار بنتے ہوئے میری عبادت کی طرف توجہ نہیں دو گے تو نافرمانوں میں سے ہوگے۔ پھر شکرگزاری نہیں ناشکرگزاری ہوگی اور نافرمانوں کے لئے خلافت کا وعدہ نہیں ہے بلکہ مومنوں کے لئے ہے۔ پس یہ انتباہ ہے ہر اُس شخص کے لئے جو اپنی نمازوں کی طرف توجہ نہیں دیتا۔ کہ نظامِ خلافت کے فیض تم تک نہیں پہنچیں گے۔ اگر نظامِ خلافت سے فیض پانا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی تعمیل کرو کہ یَعْبُدُوْنَنِیْ یعنی میری عبادت کرو۔ اس پر عمل کرنا ہوگا۔ پس ہر احمدی کو یہ بات اپنے ذہن میں اچھی طرح بٹھا لینی چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے اس انعام کا جو خلافت کی صورت میں جاری ہے فائدہ تب اُٹھا سکیں گے جب اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں گے۔''

(خطبات مسرور جلد 5 صفحہ 151)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2011ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

## حضرت مصلح موعود کے قلم سے

قسط نمبر 16

# دیباچہ تفسیر القرآن ۔ رسول اکرم ﷺ کے حالات اور خلق عظیم

### مدینہ میں اسلامی حکومت کی بنیاد

جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیرونی حالات کی خبر گیری کر رہے تھے وہاں آپ مدینہ کی اصلاح سے بھی غافل نہیں تھے۔ یہ بتایا جا چکا ہے کہ مدینہ کے مشرک اکثر اخلاص کے ساتھ اور بعض منافقت کے ساتھ مسلمان ہو چکے تھے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِسلامی طریق حکومت کو اُن میں قائم کرنا شروع کیا۔ پہلے عرب کے دستور کے مطابق لوگ لڑ بھڑ کر اپنے حقوق کا فیصلہ کر لیا کرتے تھے۔ اب باقاعدہ قاضی مقرر کئے گئے جن کے فیصلہ کے بغیر کوئی شخص اپنا حق دوسرے سے حاصل نہیں کر سکتا تھا۔ پہلے مدینہ کے لوگوں کو علم کی طرف توجہ نہیں تھی اب اس بات کا انتظام کیا گیا کہ پڑھے لکھے لوگ اَن پڑھوں کو پڑھانا شروع کریں۔ ظلم، تعدی اور بے انصافی روک دی گئی۔ عورتوں کے حقوق کو قائم کیا گیا۔ شریعت کے مطابق تمام مالداروں پر ٹیکس مقرر کئے گئے جو غرباء پر خرچ کئے جاتے تھے اور شہر کی عام حالت کی ترقی کے لئے بھی استعمال کئے جاتے تھے۔ مزدوروں کے حقوق کی حفاظت کی گئی۔ لاوارثوں کے لئے باقاعدہ تعلیموں کا انتظام کیا گیا۔ لین دین میں تحریر اور معاہدہ کی پابندیاں مقرر کی گئیں۔ غلاموں پر سختی کو سختی سے روکا جانے لگا۔ صفائی اور حفظانِ صحت کے اصول پر زور دیا جانے لگا۔ مردم شماری کی ابتدا کی گئی۔ گلیوں اور سڑکوں کے چوڑا کرنے کے احکام جاری کئے گئے۔ سڑکوں کی صفائی کے متعلق احکام جاری کئے گئے۔ غرض عائلی اور شہری زندگی کے تمام اصول مدوّن کئے گئے اور اُن کو باقاعدگی سے جاری کرنے کے لئے تدابیر اختیار کی گئیں اور عرب پہلی دفعہ منظم اور مہذب سوسائٹی کے اصول سے روشناس ہوئے۔

اِدھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم عرب کے لئے ایک ایسا قانون پیش کر رہے تھے جو نہ صرف اُس زمانہ کے لئے بلکہ ہمیشہ کیلئے اور نہ صرف اُن کے لئے بلکہ دنیا کی دوسری اقوام کیلئے بھی عزت، شرف، امن اور ترقی کا موجب تھا۔ اُدھر مکہ کے لوگ اِسلام کے خلاف باقاعدہ جنگ کی تیاریاں کرنے میں مشغول تھے جس کا نتیجہ بدر کی جنگ کی صورت میں ظاہر ہوا۔

### قریش کے تجارتی قافلہ کی آمد اور غزوہ بدر

ہجرت کے تیرھویں مہینے میں شام سے ایک تجارتی قافلہ ابوسفیان کی سرگردگی میں آ رہا تھا کہ اُس کی حفاظت کے بہانہ سے مکہ والوں نے ایک زبردست لشکر مدینہ کی طرف لے جانے کا فیصلہ کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اِس کی اطلاع مل گئی اور خدا تعالیٰ کی طرف سے آپ پر وحی ہوئی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ دشمن کے ظلم کا اُس کے اپنے ہتھیار کے ساتھ جواب دیا جائے۔ چنانچہ آپ مدینہ کے چند ساتھیوں کو لے کر نکلے۔ جب آپ مدینہ سے نکلے ہیں اُس وقت تک یہ ظاہر نہ تھا کہ آیا مقابلہ قافلہ والوں سے ہوگا یا اصل لشکر سے، اِس لئے تین سَو آدمی آپؐ کے ساتھ مدینہ سے نکلے۔

یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ قافلہ سے مراد مال سے لدے ہوئے اُونٹ تھے بلکہ مکہ والے اِن قافلوں کے ساتھ ایک مضبوط فوجی جتھہ بھجوایا کرتے تھے۔ کیونکہ وہ اِن قافلوں کے ذریعہ سے مسلمانوں کو مرعوب بھی کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ اِس قافلہ سے پہلے دو قافلوں کا ذکر تاریخ میں آتا ہے کہ اُن میں سے ایک کی حفاظت پر دو سَو سپاہی مقرر تھا اور دوسرے کی حفاظت پر تین سَو سپاہی مقرر تھا۔ پس اِن حالات میں مسیحی مصنفوں کا یہ لکھنا کہ تین سَو سپاہی لے کر آپ مکہ کے ایک نہتے قافلہ کو لوٹنے کے لئے نکلے تھے محض دھوکا دہی کے لئے ہے۔ یہ قافلہ چونکہ بہت بڑا تھا اِس لئے پہلے قافلوں کے حفاظتی دستوں کی تعداد کو دیکھتے ہوئے یہ سمجھنا چاہئے کہ اُس کے ساتھ چار پانچ سَو سوار ضرور موجود ہوگا۔ اتنے بڑے حفاظتی دستہ کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے اگر اسلامی لشکر جو صرف تین سَو آدمیوں پر مشتمل تھا اور جن کے پاس پورا سازو سامان بھی نہ تھا نکلا تو اُسے لوٹ کا نام دینا محض تعصب، ضد اور بے انصافی ہی کہلا سکتا ہے۔ اگر صرف اس قافلہ کا سوال ہوتا تب بھی اُس سے لڑائی جنگ ہی کہلاتی اور جنگ بھی مدافعانہ جنگ کیونکہ مدینہ کا لشکر کمزور تھا اور صرف اسی فتنہ کو دور کرنے کے لئے نکلا تھا جس کی اِردگرد کے قبائل کو شرارت پر اُکسا کر مکہ کے قافلے بنیاد رکھ رہے تھے۔ مگر جیسا کہ قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ الٰہی منشاء بھی تھا کہ قافلہ سے نہیں بلکہ اصل مکی لشکر سے مقابلہ ہو اور صرف مسلمانوں کے اخلاص اور اُن کے ایمان کو ظاہر کرنے کے لئے پہلے سے اِس امر کا اظہار نہ کیا گیا۔ جب مسلمان بغیر پوری تیاری کے مدینہ سے نکل کھڑے ہوئے تو کچھ دور جا کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ پر ظاہر کیا کہ الٰہی منشاء یہی ہے کہ مکہ کے اصل لشکر سے مقابلہ ہو۔ لشکر کے متعلق مکہ سے جو خبریں آ چکی تھیں اُن سے معلوم ہوتا تھا کہ لشکر کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہے اور پھر وہ سب کے سب تجربہ کار سپاہی تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آنے والے لوگ صرف 313 تھے اور اُن میں سے بھی بہت سے ایسے تھے جو لڑائی کے فن سے ناواقف تھے۔ پھر سامانِ جنگ بھی اُن کے پاس پورا نہ تھا۔ اکثر یا تو پیدل تھے یا اُونٹوں پر سوار تھے۔ گھوڑا صرف ایک تھا۔ اِس چھوٹے سے لشکر کے ساتھ جو بے سروسامان بھی تھا ایک تجربہ کار دشمن کا مقابلہ جو تعداد میں اُن سے تگنے سے بھی زیادہ تھا نہایت ہی خطرناک بات تھی اس لئے آپ نے نہ چاہا کہ کوئی شخص اُس کی مرضی کے خلاف جنگ پر مجبور کیا جائے۔ چنانچہ آپ نے اپنے ساتھیوں کے سامنے یہ سوال پیش کیا کہ اب قافلہ کا کوئی سوال نہیں صرف فوج ہی کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے اور یہ کہ وہ اس بارہ میں آپ کو مشورہ دیں۔ ایک کے بعد دوسرا مہاجر کھڑا ہوا اور اُس نے کہا یَا رَسُوْلَ اللّٰہ ! اگر دشمن ہمارے گھروں پر چڑھ کر آیا ہے تو ہم اُس سے ڈرتے نہیں ہم اُس کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہر ایک کا جواب سن کر آپ یہی فرماتے چلے جاتے مجھے اور مشورہ دو مجھے اور مشورہ دو۔ مدینہ کے لوگ اُس وقت تک خاموش تھے اس لئے کہ حملہ آور فوج مہاجرین کی رشتہ دار تھی۔ وہ ڈرتے تھے کہ ایسا نہ ہو کہ اُن کی بات سے مہاجرین کا دل دُکھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار فرمایا مجھے مشورہ دو تو ایک انصاری سردار کھڑے ہوئے اور عرض کیا۔ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ ! مشورہ تو آپ کو مل رہا ہے مگر پھر بھی جو آپ بار بار مشورہ طلب فرما رہے ہیں تو شاید آپ کی مراد ہم باشندگانِ مدینہ سے ہے۔ آپ نے فرمایا ہاں! اُس سردار نے جواب میں کہا یَا رَسُوْلَ اللّٰہ ! شاید آپ اس لئے ہمارا مشورہ طلب کر رہے ہیں کہ آپ کے مدینہ تشریف لانے سے پہلے ہمارے اور آپ کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا اور وہ یہ تھا کہ اگر مدینہ میں آپ پر اور مہاجرین پر کسی نے حملہ کیا تو ہم آپ کی حفاظت کریں گے لیکن اب اس وقت آپ مدینہ سے باہر تشریف لے آئے ہیں اور شاید وہ معاہدہ اِن حالات کے ماتحت قائم نہیں رہتا۔ یَارَسُوْلَ اللّٰہ! جس وقت وہ معاہدہ ہوا تھا اُس وقت تک ہم پر آپ کی حقیقت پورے طور پر روشن نہیں ہوئی تھی لیکن اب جبکہ ہم پر آپ کا مرتبہ اور آپ کی شان پورے طور پر ظاہر ہو چکی ہے یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! اب اُس معاہدہ کا کوئی سوال نہیں۔ ہم موسیٰ کے ساتھیوں کی طرح آپ سے یہ نہیں کہیں گے اِذْھَبْ اَنْتَ وَرَبُّکَ ...... تو اور تیرا ربّ جاؤ اور دشمن سے جنگ کرتے پھرو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں، بلکہ ہم آپ کے دائیں بھی لڑیں گے اور بائیں بھی لڑیں گے اور آگے بھی لڑیں گے اور پیچھے بھی لڑیں گے اور یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! دشمن جو آپ کو نقصان پہنچانے کیلئے آیا ہے وہ آپ تک نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ ہماری لاشوں پر سے گزرتا ہوا نہ جائے۔ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! جنگ تو ایک معمولی بات ہے، یہاں سے تھوڑے فاصلہ پر سمندر ہے آپ ہمیں حکم دیجئے کہ سمندر میں اپنے گھوڑے ڈال دو اور ہم بلا دریغ سمندر میں اپنے گھوڑے ڈال دیں گے۔

یہ وہ فدائیت اور اخلاص کا نمونہ تھا جس کی مثال کوئی سابق نبی پیش نہیں کر سکتا۔ موسیٰ کے ساتھیوں کا حوالہ تو اُن لوگوں نے خود ہی دے دیا تھا حضرت مسیح کے حواریوں نے دشمن کے مقابلہ میں جو نمونہ دکھایا انجیل اس پر گواہ ہے۔ ایک نے تو چند روپوں پر اپنے اُستاد کو بیچ دیا۔ دوسرے نے اُس پر لعنت کی اور باقی دس اُس کو چھوڑ کر اِدھر سے اُدھر بھاگ گئے مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی صرف ڈیڑھ سال کی صحبت کے بعد ایمان میں اتنے پختہ ہو گئے کہ وہ اُن کے کہنے پر سمندر میں کودنے کے لئے بھی تیار تھے۔

یہ مشورہ محض اِس غرض سے تھا تا کہ جو لوگ ایمان کے کمزور ہوں اُن کو واپس جانے کی اجازت دے دی جائے لیکن جب مہاجرین و انصار نے ایک دوسرے سے بڑھ کر اخلاص اور ایمان کا نمونہ دکھایا اور دونوں فریق نے اِس بات پر آمادگی ظاہر کی کہ وہ خدا کے وعدوں کے باوجود تعداد میں دشمن سے ایک تہائی ہونے کے اور باوجود سامانوں کے لحاظ سے دشمنوں سے کئی گنا کم ہونے کے بے غیرتی دکھاتے ہوئے جنگ سے پیٹھ نہیں دکھائیں گے بلکہ خدا تعالیٰ کے دین کی غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے میدانِ جنگ میں خوشی سے جان دے دیں گے۔ تو آپؐ آگے بڑھے۔ جب آپؐ بدر کے مقام پر پہنچے تو ایک

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# نتیجہ پہلا پرچہ روحانی خزائن جلد 20 (از صفحہ 1 تا 230)

## نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے روحانی خزائن جلد 20 نصف اول کے کل 36245 حل شدہ پرچہ جات نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔ جن میں سے 35965 درست پرچوں کا رزلٹ پیش خدمت ہے۔

### سب سے پہلے موصول ہونے والے پرچہ جات

| تنظیم | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | نمبر |
|---|---|---|---|---|
| انصاراللہ | اعجاز احمد خان | محمد صادق | احمد نگر۔ربوہ | 82 |
| خدام الاحمدیہ | فخر احمد فرخ | سیف الرحمٰن بھٹی | احمد نگر۔ربوہ | 95 |
| اطفال الاحمدیہ | ابتسام احمد ابڑو | معراج احمد ابڑو | گولارچی۔بدین | 95 |
| لجنہ اماء اللہ | نصرت جہاں | بشارت محمود طاہر | دارالصدر شمالی ہدیٰ۔ربوہ | 95 |
| ناصرات الاحمدیہ | عروج مقدس ابڑو | معراج احمد ابڑو | گولارچی۔بدین | 95 |
| پہلی فیکس | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد۔حیدرآباد | 98 |

### تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

| تنظیم | تعداد پرچہ جات | پوزیشن | حاصل کردہ فیصد نمبر |
|---|---|---|---|
| خدام الاحمدیہ | 15308 | اول | 77.78 |
| انصاراللہ | 10563 | دوم | 79.26 |
| لجنہ اماءاللہ | 9601 | سوم | 79.80 |
| ناصرات الاحمدیہ | 345 | | 79.76 |
| اطفال الاحمدیہ | 148 | | 75.32 |
| ٹوٹل | 35965 | | |

### تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

| ضلع/ریجن | انصار | خدام | اطفال | لجنہ اماءاللہ | ناصرات | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ربوہ (اول) | 2684 | 3783 | 59 | 2750 | 19 | 9295 |
| لاہور (دوم) | 1570 | 2581 | | 531 | 1 | 4683 |
| کراچی (سوم) | 934 | 1194 | 6 | 1686 | 179 | 3999 |
| سیالکوٹ | 509 | 1556 | | 1117 | 4 | 3186 |
| فیصل آباد | 735 | 704 | | 194 | 1 | 1634 |
| راولپنڈی | 284 | 385 | 2 | 576 | 7 | 1254 |
| اسلام آباد | 281 | 477 | 1 | 391 | | 1150 |
| شیخوپورہ | 259 | 451 | | 245 | 3 | 958 |
| سرگودھا | 315 | 306 | | 291 | | 912 |
| عمرکوٹ | 237 | 451 | | 153 | 17 | 858 |
| حیدرآباد | 146 | 295 | 2 | 279 | 9 | 731 |
| نارووال | 156 | 275 | | 5 | | 436 |
| بدین | 92 | 195 | 18 | 85 | 21 | 411 |
| مظفرگڑھ | 83 | 138 | 25 | 125 | 26 | 397 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ننکانہ صاحب | 257 | 120 | | 2 | | 379 |
| ملتان | 99 | 113 | | 154 | | 366 |
| گوجرانوالہ | 211 | 128 | | 18 | 1 | 358 |
| ساہیوال | 113 | 44 | | 165 | | 322 |
| اوکاڑہ | 80 | 122 | | 105 | 1 | 314 |
| حافظ آباد | 129 | 152 | | 24 | | 305 |
| میرپورخاص | 46 | 139 | | 83 | 7 | 275 |
| ڈیرہ غازی خان | 82 | 166 | | 4 | 2 | 254 |
| چکوال | 34 | 110 | | 106 | | 250 |
| گجرات | 117 | 73 | | 49 | | 239 |
| بہاولنگر | 148 | 74 | | 16 | | 238 |
| بہاولپور | 122 | 67 | 4 | 36 | 9 | 238 |
| سانگھڑ | 56 | 54 | 5 | 97 | 8 | 220 |
| قصور | 31 | 95 | 1 | 68 | 9 | 204 |
| نوابشاہ | 30 | 160 | 1 | 8 | | 199 |
| میرپور AK | 53 | 90 | | 46 | 2 | 191 |
| خانیوال | 53 | 81 | 2 | 31 | 1 | 168 |
| منڈی بہاؤالدین | 32 | 124 | | 2 | | 158 |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 69 | 58 | | 7 | | 134 |
| جہلم | 37 | 72 | 2 | 19 | | 130 |
| پشاور | 51 | 62 | | 4 | | 117 |
| خوشاب | 92 | 18 | | | | 110 |
| لاڑکانہ | 75 | 29 | 1 | 1 | | 106 |
| ہزارہ ڈویژن | 10 | 23 | 2 | 63 | 7 | 105 |
| کوئٹہ | 31 | 61 | | | | 92 |
| بھکر | 16 | 19 | 5 | 37 | 9 | 86 |
| کوٹلی AK | 81 | | | | | 81 |
| راجن پور | 16 | 46 | 5 | | | 67 |
| وہاڑی | 8 | 53 | | | | 61 |
| لودھراں | 0 | 50 | | 3 | | 53 |
| نوشہرو فیروز | 10 | 35 | | | | 45 |
| مردان | 19 | 13 | | 1 | | 33 |
| اٹک | | 30 | | 1 | | 31 |
| میانوالی | 7 | 13 | 1 | 8 | 2 | 31 |
| خیرپور | 2 | 19 | | 5 | | 26 |
| جھنگ | 20 | | | | | 20 |
| سکھر | 15 | | | | | 15 |
| لیہ | 9 | | | 3 | | 12 |
| AK مظفرآباد | 5 | 4 | | | | 9 |
| چنیوٹ | 8 | | | | | 8 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیرون | 1 | | | 5 | | 6 |
| رحیم یار خان | 3 | | | 2 | | 5 |
| ٹوٹل | 10563 | 15308 | 148 | 9601 | 345 | 35965 |

# نمبروں کے لحاظ سے پوزیشن (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے)

## 98 نمبر حاصل کرنے والے

| نمبر شمار | نام | ولدیت/ازوجیت | پتہ | ضلع/ریجن | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد | حیدرآباد | خدام |
| 2 | سیدہ عفت نسرین | مرزا خلیل احمد یعقوب | ماڈل ٹاؤن ہمک | اسلام آباد | لجنہ |
| 3 | مبشر احمد اعجاز | اعجاز احمد | عزیز آباد دستگیر سوسائٹی | کراچی | انصار |
| 4 | مقبول احمد شاہد | بشیر احمد | آفیسرز کالونی واہ کینٹ | راولپنڈی | خدام |
| 5 | ثمینہ زاہد | میاں زاہد احمد | کینٹ | گوجرانوالہ | لجنہ |
| 6 | صفیہ خالد گورایہ | محمد خالد گورایہ | فیکٹری ایریا احمد | ربوہ | لجنہ |
| 7 | ندا رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ |
| 8 | عتیقہ رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ |
| 9 | ڈاکٹر شہناز اختر | چوہدری برکت علی | شعبہ مصباح لجنہ اماء اللہ پاکستان | ربوہ | لجنہ |
| 10 | نصیرہ عزیز طاہر | پروفیسر عزیز احمد طاہر | ناصر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 11 | مبارک احمد بھٹی | محمد صدیق بھٹی | F-6/7 | اسلام آباد | انصار |
| 12 | چوہدری نسیم احمد | چوہدری فضل الٰہی | کھاریاں سٹی | گجرات | انصار |
| 13 | ملک محمود احمد اعوان | ملک کرم الٰہی اعوان | ڈیرہ اسماعیل خان | بھکر | انصار |
| 14 | سطوت قیوم | عبدالقیوم | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 15 | منیر احمد شاہین | جان محمد | دارالعلوم غربی صادق | ربوہ | خدام |
| 16 | منور احمد تنویر | چوہدری بشیر احمد | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصار |
| 17 | داؤد احمد شاکر | فضل دین بٹ | شہر | ننکانہ | انصار |
| 18 | صادق مجید اللہ | غلام محمد عبد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 19 | مرزا رفیق احمد | مرزا قدرت اللہ | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 20 | محمد سلیم جاوید | میاں فضل کریم | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 21 | مبشر احمد خورشید | بشیر احمد گوندل | آفیسرز کالونی | راولپنڈی | انصار |
| 22 | ظفر اللہ خان مبشر | ماسٹر سعد اللہ خان | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | انصار |
| 23 | آمنہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 24 | عالیہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 25 | شمائلہ احسن | محمد احسن | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 26 | لبنیٰ بشارت | بشارت احمد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ |
| 27 | محمد یوسف بقاپوری | محمد اسماعیل بقاپوری | G.H.S | اسلام آباد | انصار |
| 28 | غلام رسول | محمد امین | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 29 | آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی | محمد شفیع ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | انصار |
| 30 | ڈاکٹر منیر حسین چوہدری | چوہدری عزیز حسین | شہر محلہ شاہ حسین | گجرات | انصار |
| 31 | نعمت اللہ جاوید | عنایت اللہ | شہر | قصور | انصار |
| 32 | سعدیہ سیف خان | خالد سیف اللہ | بہارہ کہو | اسلام آباد | لجنہ |
| 33 | ناصر احمد | ملک منیر احمد طاہر | سیٹلائٹ ٹاؤن غربی | راولپنڈی | خدام |
| 34 | لطف المنان علوی | مختار احمد علوی | بلدیہ ٹاؤن | کراچی | انصار |
| 35 | ڈاکٹر مرزا رفیق احمد عابد | مرزا محمود احمد | دارالبرکات | ربوہ | انصار |
| 36 | مسعود احمد باجوہ | چوہدری ظہور الدین باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | انصار |
| 37 | صاحبزادی امۃ القدوس | صاحبزادہ مرزا غلام احمد | دارالصدر شمالی 1 | ربوہ | لجنہ |
| 38 | عبدالمنان فیاض | حکیم محمد رمضان | آئی ایٹ ون | اسلام آباد | انصار |
| 39 | بشارت احمد طاہر | مرزا برکت علی | جھنڈے والی کھاریاں | گجرات | انصار |
| 40 | سفیر الدین بھٹی | احمد دین بھٹی | ڈرگ روڈ | کراچی | انصار |
| 41 | امۃ المالک | محمد شبیر شاہد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 42 | شاہد احمد | عبدالاحد | نارتھ کراچی | کراچی | انصار |
| 43 | زاہد مسعود خان | چوہدری عزیز مسعود خان | پیپلز کالونی 1 | فیصل آباد | انصار |
| 44 | ارشاد احمد | ڈاکٹر محمد نوشاد | حلقہ شمالی | پشاور | انصار |
| 45 | شریف احمد اشرف | حافظ احمد علی | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصار |
| 46 | نعمت اللہ قریشی | عطاء اللہ | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 47 | میاں مجید الرحمٰن حمید | میاں نذیر احمد | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 48 | سعدیہ مقبول | مقبول احمد شاہد | واہ کینٹ آفیسرز کالونی | راولپنڈی | لجنہ |
| 49 | سلمیٰ نزہت | حمید احمد | شہر | اٹک | لجنہ |
| 50 | بشریٰ مسعود باجوہ | مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | لجنہ |
| 51 | لبیب احمد باجوہ | مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | خدام |
| 52 | عدنان احمد اٹھوال | محمد احمد اٹھوال | بہوڑو چک 18 | ننکانہ | خدام |

## 97 نمبر حاصل کرنے والے

| نمبر شمار | نام | ولدیت/ازوجیت | پتہ | ضلع/ریجن | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حبۃ الاعلیٰ | غلام احمد سرور | طاہر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 2 | ملیحہ حنان | عبدالمنان کوثر | دارالفضل شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 3 | حافظہ تہمینہ طلعت | عبدالمنان کوثر | دارالفضل شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 4 | راجہ خلیل احمد | شاہ سوار | کھاریاں | گجرات | انصار |
| 5 | ناصرہ بشارت | سید بشارت احمد | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 6 | سیدہ رضوانہ بخاری | سید زاہد بخاری | جوہر ٹاؤن | لاہور | لجنہ |
| 7 | عبدالرحمٰن عاجز | اللہ رکھا | دارالرحمت وسطی | ربوہ | انصار |
| 8 | ظہور احمد باجوہ | مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | خدام |
| 9 | امۃ الحلیم | کرنل صہیب رضوان | کینٹ | گوجرانوالہ | لجنہ |
| 10 | ہاجرہ زاہد | میاں زاہد احمد | کینٹ | گوجرانوالہ | لجنہ |
| 11 | سیدہ بشریٰ اسد | سید اسد احمد شاہ | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 12 | نداء الظفر | اعجاز احمد | ڈیرہ اسماعیل خان | بھکر | لجنہ |
| 13 | نوید سحر | اعجاز احمد | ڈیرہ اسماعیل خان | بھکر | لجنہ |
| 14 | غزالہ فیاض | فیاض احمد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 15 | مصباح احمد | فیاض احمد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 16 | کشور باجوہ | بشیر احمد باجوہ | ناصر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 17 | مسرت جبیں | منوراحمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 18 | منیرالدین بھٹی | احمد دین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | انصار |
| 19 | نصیراحمد قریشی | زکریااحمد قریشی | مسلم آباد | مردان | انصار |
| 20 | نگہت فردوس | عبدالسلام | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 21 | مسزاعجاز | اعجازاحمد ملک | واہ کینٹ لالہ رخ | راولپنڈی | لجنہ |
| 22 | قدسیہ کامران | سیدکامران حیدر | حیات آباد | پشاور | لجنہ |
| 23 | عافیہ ماہ رخ | منوراحمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 24 | امۃ القدوس طارق | طارق محمود بھٹی | رفاہ عام سوسائٹی | کراچی | لجنہ |
| 25 | محمد نعیم | فضل کریم | ڈنڈوت آر ایس | جہلم | انصار |
| 26 | سیدہ نصرت جہاں | سیدناصرمحموداحمد شاہ | حیات آباد | پشاور | لجنہ |
| 27 | مبارکہ افتخار | افتخاراحمد | بیت العطاء | راولپنڈی | لجنہ |
| 28 | شیخ اعجازاحمد | شیخ محمد شفیع | جوہرٹاؤن | لاہور | انصار |
| 29 | سیدہ نفیسہ منور | سیدمنوراحمد شاہ | اقبال ٹاؤن بیت التوحید | لاہور | لجنہ |
| 30 | سیدمنوراحمد شاہ | سیدمختاراحمد شاہ | اقبال ٹاؤن بیت التوحید | لاہور | انصار |
| 31 | ندیم احمد صدیقی | شمیم احمد صدیقی | ٹاؤن شپ | لاہور | انصار |
| 32 | سردارعلی | خوشی محمد | باغبانپورہ | لاہور | انصار |
| 33 | خلّت محمود | سیدمحموداحمد | دارالصدر شمالی | ربوہ | لجنہ |
| 34 | طیبہ صدیقہ | سیدمحموداحمد | دارالصدر شمالی | ربوہ | لجنہ |
| 35 | محمدامین چیمہ | محمدطفیل چیمہ | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | انصار |
| 36 | کلیم احمد لقمان | نسیم احمد | گارڈن ٹاؤن سانگلہ ہل | ننکانہ | انصار |
| 37 | فرزانہ نواز | قاضی محمد اجمل | P.W.D قیادت جنوبی B | اسلام آباد | لجنہ |
| 38 | مصوراحمد طاہر | ملک عبدالرحمٰن | ملیر کالونی | کراچی | انصار |
| 39 | خالدمحمود باجوہ | محمدامین باجوہ | ہارون آباد | بہاولنگر | انصار |
| 40 | صائمہ مجیب | مجیب احمد قاسم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 41 | چوہدری رشیداحمد | خوشی محمد | چک 543 ای بی | وہاڑی | انصار |
| 42 | ندااحمد مختار | سلطان احمد | آفیسرز کالونی | بھکر | لجنہ |
| 43 | منصوراحمد لکھنوی | ڈاکٹر وارث علی | گلشن اقبال شرقی | کراچی | انصار |
| 44 | ڈاکٹر امتیاز احمد رانا | سردارعلی | باغبانپورہ | لاہور | خدام |
| 45 | چوہدری مقصوداحمد | چوہدری نذیراحمد | بھلیسر انوالہ | گجرات | انصار |
| 46 | امۃ الحسنیف جاوید | عبدالکریم جاوید | جی ایٹ ون ٹو | اسلام آباد | لجنہ |
| 47 | طیبہ امین | محمدامین چیمہ | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ |
| 48 | مبشراحمد | شمس الباری | نارتھ کراچی | کراچی | انصار |
| 49 | منصوراحمد ابڑو | علی اصغر ابڑو | گلزار ہجری | کراچی | انصار |
| 50 | امۃ الہادی باجوہ | چوہدری غلام باری باجوہ | دارالبرکات | ربوہ | لجنہ |
| 51 | محمدارشد | محمداقبال | چک 45 رب مرڑھ | ننکانہ | انصار |
| 52 | صوفی محمد اکرم | صوفی محمد عبداللہ | رفاہ عام | کراچی | انصار |
| 53 | نعمت اللہ جاوید | غلام احمد | چک 98 شمالی | سرگودھا | انصار |
| 54 | نعیمہ حمید | حمیداللہ خان | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 55 | شایانہ حفیظ | عبدالحفیظ | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 56 | بشریٰ ناہید | غلام احمد | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 57 | فرح دیبا | انواراحمد ملک | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ |
| 58 | خواجہ منظور صادق | خواجہ غلام احمد | اسلام آباد شمالی | اسلام آباد | انصار |
| 59 | فیاض احمد | چوہدری غلام احمد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |

## 96 نمبر حاصل کرنے والے

| نمبر شمار | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | ضلع/ریجن | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | انجینئر محمود مجیب اصغر | فضل الرحمٰن بسمل | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | انصار |
| 2 | ذکیہ فردوس | حنیف احمد محمود | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 3 | بشریٰ اکرم | صوفی محمد اکرم | رفاہ عام | کراچی | لجنہ |
| 4 | امجد سیلونی | محمد حنیف سیلونی | دارالیمن غربی شکر | ربوہ | انصار |
| 5 | صفیہ مسعود | ملک مسعوداحمد | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 6 | فرحت جہاں | خدابخش ناصر | طاہر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 7 | عبدالسلام شاہد | عبدالمنان | مزنگ | لاہور | انصار |
| 8 | ریحانہ صدیقہ بھٹی | محمدانور ورک | رحمانپورہ | لاہور | لجنہ |
| 9 | بشیراحمد خان | مجیداحمد خان | چک 55 ٹو ایل | اوکاڑہ | انصار |
| 10 | ثمینہ عفت | عبدالباسط طارق بٹ | بیت المحمود | شیخوپورہ | لجنہ |
| 11 | رابعہ ظفر | ملک ظفراحمد مجوکہ | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ |
| 12 | عذرا داؤد | داؤد احمد | دھمیال کیمپ | راولپنڈی | لجنہ |
| 13 | ماریہ عطاء | عطاء السلام | لالہ زار | راولپنڈی | لجنہ |
| 14 | محمد افتخاراحمد چوہدری | چوہدری فرزند علی | ناصر آباد شرقی | ربوہ | انصار |
| 15 | امۃ الحکیم لئیقہ | منیراحمد منیب | دارالعلوم غربی ثناء | ربوہ | لجنہ |
| 16 | احمد حسین رانا | اقبال احمد رانا | سانگلہ ہل۔شہر | ننکانہ | انصار |
| 17 | خالد سیف اللہ | عباداللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | انصار |
| 18 | نصرت جبیں | چوہدری مقبول احمد | دارالعلوم غربی صادق | ربوہ | لجنہ |
| 19 | بشریٰ نور | منوراحمد شاہد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 20 | عبدالباسط | علی محمد | میرا بھڑکا | میرپور AK | انصار |
| 21 | منوراحمد ملک | مشتاق عالم | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 22 | امۃ النصیر | نصیراحمد ناصر | سول لائنز۔شہر | شیخوپورہ | لجنہ |
| 23 | مریم ثمر | ثمراحمد علی | گلشن عمیر | کراچی | لجنہ |
| 24 | مہوش گل | اکرام الحق عباسی | واہ کینٹ لالہ رخ | راولپنڈی | لجنہ |
| 25 | آصفہ جبیں | مسعوداحمد | رفاہ عام | کراچی | لجنہ |
| 26 | امۃ الجمیل بشیر | بشیرالدین | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ |
| 27 | ڈاکٹر شوکت علی | چوہدری محمد صدیق | اورنگی ٹاؤن | کراچی | انصار |
| 28 | ناصرہ داؤد | داؤد احمد رانا | وحدت کالونی | لاہور | لجنہ |
| 29 | نورالٰہی بشیر | فضل الٰہی بشیر | گلشن پارک | لاہور | انصار |
| 30 | مبارک انور ندیم | بشیراحمد گوندل | بیت المحمود واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 31 | کرامت اللہ | عنایت اللہ | شہر | سانگھڑ | انصار |
| 32 | منصوراحمد | چوہدری شریف احمد | لطیف آباد | حیدرآباد | انصار |
| 33 | ایم اے لطیف شاہد | فضل الرحمٰن | حلقہ غربی | اسلام آباد | انصار |
| 34 | قاضی محمد اجمل | قاضی محمد اسلم | PWD | اسلام آباد | انصار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 35 | رحمت علی ظہور | جہان خان | شالامار ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 36 | آنسہ فرزانہ | عطاء الرحمٰن طاہر | ڈرگ کالونی | کراچی | لجنہ |
| 37 | سید مبارک احمد | سید عبدالرفیق شاہ | تیموریہ | کراچی | انصار |
| 38 | محمد رشید ڈار | محمد جمیل ڈار | ڈرگ روڈ | کراچی | انصار |
| 39 | محمد رفیق | احمد دین | ڈرگ روڈ | کراچی | انصار |
| 40 | رفیق احمد جچہ | محمد علی | سیٹلائٹ ٹاؤن | میر پور خاص | انصار |
| 41 | ارفاق احمد | محمد حسین | صدر | کراچی | انصار |
| 42 | محمد رفیق بٹ | محمد حسین بٹ | دھمیال کیمپ | راولپنڈی | انصار |
| 43 | انجینئر طاہر احمد | محمد سعید | شوگر ملز | مردان | انصار |
| 44 | اسد اللہ غالب | عنایت اللہ خالد | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | خدام |
| 45 | بشریٰ غیاث | غیاث الدین احمد | واہ کینٹ آفیسرز کالونی | راولپنڈی | لجنہ |
| 46 | مسرور احمد | منصور احمد | گلشن اقبال شرقی | کراچی | انصار |
| 47 | چوہدری شریف احمد ورک | ایم عبداللطیف | کلیار ٹاؤن | سرگودھا | انصار |
| 48 | سلمیٰ شاہد | شاہد خلیل | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |
| 49 | رانا محمد ارشاد جاوید | غلام فرید | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 50 | نعمت اللہ قریشی | عطاء اللہ | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 51 | حکیم محمد جمیل | حکیم نور محمد | ٹنڈو غلام علی | بدین | انصار |
| 52 | محمد اقبال بسراء | چوہدری احمد الدین بسراء | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 53 | محمد لطیف | عبدالغفور | شہر | لیہ | انصار |
| 54 | سید قاسم احمد | سید داؤد مظفر شاہ | حلقہ مبارک | ربوہ | انصار |
| 55 | شیخ افضل الحق | شیخ فضل الحق | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو چندروز تک اسناد بھجوا دی جائیں گی وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کر لیں۔ مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہوتو فون 047-6212220 اور موبائل 03426922533 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ نظارت کا ای۔میل nazarat.markazia@saapk.org ہے۔

حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ "سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم ازکم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔"

یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔ اس لئے سب احباب کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ ہرروزہ معمول بنالیں۔

## دو چار ہاتھ جبکہ لب بام رہ گیا

رابرٹو بجیو کا نام فٹ بال کی تاریخ میں کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ اس کو اٹلی کی ٹیم کی جانب سے Cornerstone (بنیاد کا پتھر) کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ رابرٹو کے ایسے بہت سے کارنامے ہیں جن کی وجہ سے اسے اٹلی فٹ بال ٹیم کے ہیرو کی حیثیت سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ 1994ء میں کھیلے جانے والے ورلڈ کپ میں بھی بجیو نے اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے اٹلی کی فائنل تک رسائی ممکن بنائی، مگر برازیل کے خلاف کھیلے جانے والے فائنل میچ میں پنالٹی کک پر فیصلہ آنے کے بعد جب ہر نظر رابرٹو بجیو کو امید کے محور کے طور پر دیکھ رہی تھی، تو اس نے اپنی ٹیم اور پرستاروں کو بری طرح مایوس کیا۔ اس نے پنالٹی کک مار کر فٹ بال کو گول سے نہ جانے کتنے فٹ دور پھینک دیا اور یوں اس کی غلط کک کی وجہ سے اٹلی کی ٹیم فائنل نہ جیت سکی۔

اپنے اس عمل کا عذر پیش کرتے ہوئے بجیو کا کہنا ہے، ''میرے بدھسٹ مذہبی پیشوا نے پیشگوئی کی تھی کہ تمہارا آج کا دن پریشانیوں والا ثابت ہوگا، جوکہ فائنل میچ کے آخری منٹ سچ ثابت ہوگئی اور میری یہ بدنصیبی ملک کے لئے ہار کا سبب بنی۔''

(سنڈے ایکسپریس 6 جون 2010ء)

# شجرِ عظیم

یوں تو دنیا میں گلستاں ہیں بہت اور جا بجا
ہر طرف ہے رنگ و بو، اشجار ہیں بے انتہا

اک شجر لیکن ہے سب اشجار سے بالکل جدا
اپنی عظمت اور یکتائی میں ہے سب سے سوا

باعثِ صد رشک ہے اس کا خصوصی امتیاز
مالکِ کون و مکاں کے ہاتھ سے ہے یہ لگا

باغباں اس کا خدا ہے اور محافظ بھی وہی
اس کے سایہ میں شجر یہ پھولتا پھلتا رہا

اس کی شاخیں پھیل کر بڑھتی رہیں سوئے فلک
اور جڑیں پاتی رہیں زیرِ زمیں نشوونما

دشمنوں نے بارہا چاہا کہ دیں اس کو اکھیڑ
دست قدرت ہر دفعہ اس کی پنہ بنتا رہا

کس قدر شیریں ثمر اس کو سدا لگتے رہے
جب شہیدانِ وفا کا خوں بنا اس کی غذا

ہو گیا کتنا تناور دیکھتے ہی دیکھتے
اس کی عظمت پر ہے شاہد ایک عالم برملا

یہ شجر سایہ فگن ہے آج ہفت اقلیم پر
اس کی چھاؤں میں سکوں پاتے ہیں جویانِ خدا

یہ شجر ہے احمدیت، مامنِ ہر جن و انس
جو بھی آیا اس کے نیچے پا گیا رازِ بقا

جل رہا ہے ایک عالم دھوپ میں بے سائباں
شکر مولیٰ کہ ہمیں یہ سایۂ رحمت ملا

**عطاء المجیب راشد**

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نکاح

مکرم چوہدری نسیم احمد صاحب مینیجر (ریٹائرڈ) ایم سی بی بینک ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ لبنیٰ نسیم صاحبہ کے نکاح کا اعلان مکرم لقمان احمد قریشی صاحب کے ہمراہ مورخہ 11 نومبر 2012ء کو بیت المبارک میں مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے کیا۔ مکرمہ لبنیٰ نسیم صاحبہ حضرت چوہدری علی محمد صاحب بی۔اے بی ٹی رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی ہیں اور مکرم لقمان احمد قریشی صاحب مکرم سلطان احمد قریشی صاحب (ر) انجینئر محکمہ T&T کے بیٹے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں خاندانوں کیلئے یہ رشتہ ہر لحاظ سے مبارک کرے اور ہمیشہ اپنی رضا کی راہوں پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## درخواست دعا

محترمہ کشور سلطانہ صاحبہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔

میرے ابا جان مکرم بشیر احمد صاحب شدید بیمار ہیں۔ بیماری کے دوران کمرے میں گرنے سے چہرہ پر چوٹ بھی آئی ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مباہل نصیر صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ کی ریڑھ کی ہڈی میں عرصہ آٹھ سال سے تکلیف ہے۔ آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## ملازمت کے مواقع

سٹیٹ بینک آف پاکستان کو اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئرز (سول، الیکٹریکل اور مکینیکل) کی ضرورت ہے۔

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے ہیلتھ، لاء اینڈ پارلیمنٹری افیئر، لیبر اینڈ ہیومن ریسورسز، ڈائریکٹوریٹ آف لینڈ ریکارڈ، پنجاب (پریزنرز) ہوم ڈیپارٹمنٹ اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے شعبہ جات میں ملازمتوں کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کیلئے وزٹ کریں۔ www.ppsc.gov.pk

وفاقی حکومت تعلیمی ادارہ جات راولپنڈی کو پے سکیل 1 سے 15 تک کی خالی آسامیوں کیلئے مرد/ خواتین سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

ملٹری کالج ایرٹوپہ، مری میں سویلین کے لئے BPS1 تا BPS14 تک کیلئے آسامیاں خالی ہیں۔

نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد میں مستقل و کنٹریکٹ کی بنیاد پر ایک سے زائد آسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

برانچ ٹریڈنگ کارپوریشن لاہور کو لیبارٹری اسسٹنٹ اور ہارٹیکلچر اسسٹنٹ کی ضرورت ہے۔

لاہور میں مختلف مقامات پر سیکیورٹی گارڈز کی ضرورت ہے۔ ملازمت کے خواہشمند افراد نظارت صنعت وتجارت سے رابطہ کریں۔

ایک موٹر سائیکل انڈسٹریز کو پروڈکشن مینیجر کی ضرورت ہے۔ ایسے احباب جنہوں نے BE, DAE مکینیکل میں کیا ہو، جلد سے جلد اپنی CV's ای میل کریں۔

Jobs@sanat-o-tijarat.org

نوٹ: اشتہار نمبر 1 تا نمبر 6 کی تفصیل کیلئے 18 نومبر 2012ء کا اخبار روزنامہ جنگ ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

## اعلان دارالقضاء

(مکرمہ زاہدہ اختر صاحبہ ترکہ مکرمہ فرخندہ اختر صاحبہ)

مکرمہ زاہدہ اختر صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میری ہمشیرہ مکرمہ فرخندہ اختر صاحبہ وفات پا چکی ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 3/4 محلہ دارالصدر کل رقبہ 4 کنال 14 مرلے 91 مربع فٹ میں سے 8 مرلہ بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ جملہ ورثاء میں سے مرزا یوسف احمد صاحب اپنے حصہ سے خاکسارہ کے حق میں دستبردار ہو چکے ہیں۔ لہٰذا ان کا حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔

تفصیل ورثاء

1۔ مکرم مرزا یوسف احمد صاحب (بھائی)
2۔ مکرمہ زاہدہ اختر صاحبہ (بہن)
3۔ مکرمہ نعیمہ اختر صاحبہ (بہن)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو فوراً مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## ضرورت ماہر پینٹر

دارالصناعۃ آٹو ورکشاپ میں گاڑیوں کی سپرے پینٹنگ کیلئے ایک ماہر پینٹر کی ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب محلّہ کی تصدیق کے ساتھ ادارہ میں جمع کروائیں۔

دارالصناعۃ آٹو ورکشاپ دارالرحمت غربی نزد سوئمنگ پول ربوہ۔

موبائل: 0303-6373996

فون: 047-6216153

(نگران دارالصناعۃ ربوہ)

## داخلہ دارالصناعۃ

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں درج ذیل ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں۔

**مارننگ سیشن**

1۔ آٹو مکینک۔
2۔ ریفریجریشن وایئر کنڈیشننگ
3۔ وڈ ورک (کارپینٹر)

**ایوننگ سیشن**

1۔ آٹو الیکٹریشن۔ 2۔ جنرل الیکٹریشن و بنیادی الیکٹرونکس۔ 3۔ پلمبنگ
4۔ ویلڈنگ اینڈ سٹیل فیبریکیشن

تمام کورسز کا دورانیہ 6 ماہ ہے۔

داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کے لئے دفتر دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 27/52 دارالعلوم وسطی ربوہ/فون نمبر 047-6211065 0336-7064603 سے رابطہ کریں۔

☆ نئی کلاسز کا آغاز یکم جنوری 2013ء سے ہوگا۔

☆ نشستوں کی تعداد محدود ہے۔

☆ بیرون ربوہ طلباء کیلئے ہوسٹل کا انتظام ہے۔

☆ والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ادارہ میں داخل کروائیں۔

(نگران دارالصناعۃ ربوہ)

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز
گولبازار ربوہ
میاں غلام مرتضیٰ محمود
فون دکان: 047-6215747 فون رہائش: 047-6211649

بقیہ از صفحہ 2: رسول کریم ﷺ کے حالات

صحابی کے مشورہ سے دشمن کے قریب جا کر بدر کے چشمہ پر اسلامی لشکر اُتار دیا گیا۔ لیکن اس طرح گو پانی پر تو قبضہ ہو گیا مگر وہ میدان جو مسلمانوں کے حصہ میں آیا بوجہ ریتلا ہونے کے جنگی حرکات کے لئے سخت نقصان دہ ثابت ہوا اور صحابہ گھبرا گئے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ساری رات دعا کرتے رہے اور بار بار خدا تعالیٰ سے یہ عرض کرتے تھے کہ اے میرے ربّ! ساری دنیا کے پردہ پر صرف یہی لوگ تیری عبادت کرنے والے ہیں۔ اے میرے رب! اگر یہ لوگ آج اس لڑائی میں مارے گئے تو تیرا نام لینے والا اس دنیا میں کون باقی رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعاؤں کو سنا اور رات کو بارش ہو گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جس میدان میں وہ مسلمان تھے بوجہ ریتلا ہونے کے بارش کی وجہ سے جم گیا اور وہ میدان جو کفار کے قبضہ میں تھا بوجہ چکنی مٹی کا ہونے کے بارش کی وجہ سے نہایت پھسلواں ہو گیا۔ شاید کفار مکہ نے باوجود اُس میدان میں مسلمانوں سے پہلے پہنچ جانے کے اِس لئے اُس میدان کو چنا تھا کہ پختہ مٹی کی وجہ سے اُس میں جنگی حرکات بڑی آسانی کے ساتھ ہو سکتی تھیں اور سامنے کا ریتلا میدان اس لئے چھوڑ دیا تھا کہ مسلمان وہاں ڈیرہ لگائیں گے اور جنگی حرکات کرتے وقت اُن کے پاؤں ریت میں دھنس دھنس جائیں گے مگر خدا تعالیٰ نے راتوں رات پانسہ پلٹ دیا۔ ریتلا میدان ایک جما ہوا پختہ میدان ہو گیا اور پختہ میدان پھسلویں زمین بن گیا۔ رات کو اللہ تعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بشارت دی اور بتایا کہ تمہارے فلاں فلاں دشمن مارے جائیں گے اور فلاں فلاں جگہ پر مارے جائیں گے۔ چنانچہ جنگ میں ایسا ہی ہوا اور وہ دشمن اُن ہی جگہوں پر جو آپ نے بتائی تھیں مارے گئے۔ جب فوج ایک دوسرے کے مقابلہ میں صف آراء ہوئی اُس وقت جو اخلاص کا نمونہ صحابہؓ نے دکھایا اُس پر مندرجہ ذیل مثال سے خوب روشنی پڑتی ہے۔

## موبل آئل دستیاب ہے

دارالصناعۃ آٹو ورکشاپ میں موبل آئل مندرجہ ذیل نرخ پر دستیاب ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ ڈیلو گولڈ | 390/- روپے فی لیٹر |
| 2۔ ہیوولین فارمولہ | 460/- روپے فی لیٹر |
| 3۔ ہیوولین موٹر آئل | 380/- روپے فی لیٹر |
| 4۔ ٹوٹل | 270/- روپے فی لیٹر |
| 5۔ ٹوٹل | 200/- روپے 0.7 لیٹر |

نیز ٹویوٹا جینوئن موٹر آئل بھی دستیاب ہے۔

دارالصناعۃ آٹو ورکشاپ دارالرحمت غربی نزد سوئمنگ پول ربوہ۔ فون: 047-6216153

موبائل: 0303-6373996

(نگران دارالصناعۃ ربوہ)

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

**پروگراموں میں 15,20 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے**

## 3 دسمبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 12:40 am | Beacon of Truth (سچائی کا نور) |
| 1:45 am | الاسکا۔ انگلش ڈاکومنٹری |
| 2:20 am | سیرت حضرت مسیح موعود |
| 3:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 30 نومبر 2012ء |
| 4:10 am | سوال و جواب |
| 5:20 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 5:40 am | تلاوت قرآن کریم |
| 5:55 am | گلشن وقف نو |
| 7:10 am | الاسکا۔ انگلش ڈاکومنٹری |
| 7:40 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 30 نومبر 2012ء |
| 8:55 am | ریئل ٹاک |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس سیرت النبی ﷺ |
| 11:40 am | الترتیل |
| 12:10 pm | دورہ حضور انور |
| 1:00 pm | بین الاقوامی جماعتی خبریں |
| 2:00 pm | فرنچ ملاقات پروگرام |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:00 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2011ء |
| 5:05 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 5:30 pm | الترتیل |
| 6:10 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 9 فروری 2007ء |
| 7:00 pm | بنگلہ سروس |
| 8:00 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2011ء |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ |
| 10:30 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 11:20 pm | دورہ حضور انور بیننن |

## 4 دسمبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 12:00 am | ریئل ٹاک |
| 1:10 am | راہ ہدیٰ |
| 2:45 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 9 فروری 2012ء |
| 3:30 am | جلسہ سالانہ قادیان 2011ء |
| 5:00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم |
| 5:35 am | ان سائیٹ |
| 5:55 am | الترتیل |
| 6:20 am | دورہ حضور انور بیننن |
| 7:00 am | کڈز ٹائم |
| 7:30 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 9 فروری 2007ء |
| 8:35 am | جلسہ سالانہ قادیان 2011ء |
| 9:20 am | خلافت احمدیہ سال بہ سال |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 11:30 am | یسرنا القرآن |
| 12:00 pm | جلسہ سالانہ جرمنی 2012ء |
| 1:00 pm | ان سائیٹ |
| 1:25 pm | آسٹریلیا جنگلی حیات۔ کینگرو |
| 2:00 pm | سوال و جواب |
| 3:10 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:10 pm | سندھی سروس |
| 5:10 pm | تلاوت قرآن کریم اور ان سائیٹ |
| 5:30 pm | یسرنا القرآن |
| 6:00 pm | ریئل ٹاک |
| 7:00 pm | بنگلہ پروگرام |
| 8:15 pm | سپینش سروس |
| 9:00 pm | احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن |
| 9:35 pm | سیرت النبی ﷺ |
| 10:05 pm | فرنچ پروگرام |
| 10:30 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 11:30 pm | جلسہ سالانہ جرمنی 2012ء |

## 5 دسمبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | عربی سروس |
| 1:35 am | ان سائیٹ |
| 1:55 am | احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن |
| 2:35 am | آسٹریلیا جنگلی حیات۔ کینگروز |
| 3:15 am | سیرت النبی ﷺ |
| 4:00 am | سوال و جواب |
| 5:00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 5:15 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:50 am | یسرنا القرآن |
| 6:20 am | جلسہ سالانہ جرمنی 2012ء |
| 7:15 am | فرنچ ملاقات پروگرام |
| 7:45 am | آسٹریلیا جنگلی حیات کینگروز |
| 8:15 am | احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن |
| 9:00 am | سیرت النبی ﷺ |
| 9:45 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت اور درس |
| 11:40 am | الترتیل |
| 12:00 pm | جلسہ سالانہ کینیڈا 2012ء |
| 1:10 pm | ریئل ٹاک |
| 2:10 pm | سوال و جواب |
| 3:30 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:25 pm | سواحیلی سروس |
| 5:25 pm | تلاوت قرآن کریم اور درس |
| 6:05 pm | الترتیل |
| 6:35 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 23 فروری 2007ء |
| 7:25 pm | بنگلہ پروگرام |
| 8:30 pm | فقہی مسائل |
| 8:55 pm | کڈز ٹائم |
| 9:25 pm | فیتھ میٹرز |
| 10:25 pm | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |
| 11:10 pm | الترتیل |
| 11:40 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |

## درخواست دعا

❁ مکرم اظہر احمد بزمی صاحب مربی سلسلہ سکردو گزشتہ ایک ماہ سے بخار کی وجہ سے علیل ہیں اور ان کی اہلیہ مکرمہ اسماء بزمی صاحبہ کی ٹانگوں اور پیروں میں درد ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

❁ مکرم شیخ داؤد احمد صاحب رحمٰن کالونی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے سسر مکرم شیخ حمید الدین صاحب ابن مکرم شیخ سراج دین صاحب حلقہ کریم نگر فیصل آباد کافی عرصہ سے دل کے مریض ہیں۔ ان دنوں طبیعت کافی ناساز ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا کرے اور لمبی زندگی سے نوازے۔ آمین

❁ مکرم صغریٰ بیگم صاحبہ دارالفتوح شرقی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے خاوند محترم حکیم منور احمد عزیز صاحب دارالفتوح شرقی ربوہ بیمار ہیں۔ فضل عمر ہسپتال کے I.C.U میں داخل رہے ہیں۔ خون کی قے آئی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتے ہوئے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین


**خوشخبری**

اب کامران شوز پر معیاری اور سستے جوتوں کے ساتھ معیاری (لیڈیز بیگ) کی وسیع ترورائٹی دستیاب ہے۔

**نیو کامران شوز**

حسین مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ



DEUTSCHE SPRACH SCHULE

INSTITUTE OF GERMAN LANGUAGE

**جرمن زبان سیکھئے**

GOETHE کا کورس اور ٹیسٹ کی مکمل تیاری کروائی جاتی ہے۔

رابطہ: عمران احمد ناصر

03143213399

مکان نمبر 51/17 دارالرحمت وسطی ربوہ 0334-6361138


## ربوہ میں طلوع وغروب 23۔نومبر

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:15 |
| طلوع آفتاب | 6:41 |
| زوال آفتاب | 11:55 |
| غروب آفتاب | 5:08 |

## تعطیل

❁ مورخہ 24 نومبر 2012ء کو روزنامہ الفضل شائع نہ ہوگا۔ احباب کرام وایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔

## خریداران الفضل وی پی وصول فرمائیں

❁ دفتر روزنامہ الفضل کی طرف سے خریداری الفضل کا چندہ ختم ہونے پر بیرون ربوہ احباب کو وی پی پیکٹ بھجوایا جاتا ہے۔ اب جن خریداران الفضل کا چندہ ختم ہو چکا ہے ان کی خدمت میں بوجوہ خاکسار طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ دارالنصر غربی ربوہ کی طرف سے وی پی بھجوایا جارہا ہے۔ مہربانی کر کے ادارہ کی طرف سے ارسال کردہ یہ پیکٹ وصول فرمائیں تاکہ رقم آپ کے کھاتہ میں درج کر کے اخبار الفضل جاری رکھا جاسکے۔ ادارہ کو منی آرڈر ارسال کرتے وقت بھی خیال رہے کہ منی آرڈر خاکسار کے نام ہو۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)


Nishat Linen by Nisha
Now Available At

**لبرٹی فیبرکس**

0092- 47- 6213312

اقصیٰ روڈ۔ ربوہ نزد (اقصیٰ چوک)



**سیال موبل آئل سنٹر اینڈ سپیئر پارٹس**

ورکشاپ کی سہولت۔ گاڑی کرایہ پر لینے کی سہولت

نزد پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ

عزیز اللہ سیال

047-6214971

0301-7967126



**سٹار جیولرز**

سونے کے زیورات کا مرکز

حسین مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ

طالب دعا: تنویر احمد

047-6211524

0336-7060580

starjewellers@ymail.com


FR-10